INS INDIA
(A Reputed News Agency)

Lubna House
I-91,Batla House
Jamia Nagar,Okhla
New Delhi-110025
Phone:-011-26985780
Fax:-011-26988233
Mobile:91-9268700314
E-mail:insindia@gmail.com
Website:www.insindia.co

صدر ڈیلما روسیف کے ساتھ وزیر اعظم نریندر مودی کی ملاقات پر پریس ریلیز

16 جولائی، 2014 (آئی این ایس انڈیا)

برازیلین صدر ڈیلما روسیف نے برازیل میں چھٹی برکس چوٹی کانفرنس کے موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی کی میز بانی کی۔ اگر چہ یہ کوئی دوطرفہ دورہ نہیں تھا لیکن اس کے باوجود میٹنگ سے قبل ناشتہ کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی کا مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ استقبال کیا گیا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے فیفا ورلڈ کپ کے دوران ملک کی انتظامی صلاحیتوں اور بہترین میز بانی کے لئے صدر روسیف اور برازیلی عوام کو دلی مبارکباد پیش کی۔ نریندر مودی نے برکس چوٹی کانفرنس کے کامیاب انعقاد خصوصاً جنوبی امریکہ کے رہنماؤں کے ساتھ برکس کے اجلاس کے انعقاد پر صدر روسیف کا شکریہ ادا کیا۔

انہوں نے برازیل کی طرف سے منعقد کئے گئے چھٹے سربراہی اجلاس کو تاریخی اجلاس بتایا جس میں دو اہم معاہدے پیش آئے۔ نیوڈویلپمنٹ بینک (نیا ترقیاتی بینک) اور برکس کا نٹجنٹ ریزرو ارنجمنٹ (برکس ریزرو دستہ کا نظم) اور سربراہی اجلاس کے دوران اس کی رہنمائی کے لئے صدر کی تعریف کی۔

INS INDIA
(A Reputed News Agency)

Lubna House
I-91,Batla House
Jamia Nagar,Okhla
New Delhi-110025
Phone:-011-26985780
Fax:-011-26988233
Mobile:91-9268700314
E-mail:insindia@gmail.com
Website:www.insindia.co

وزیراعظم نے برازیل کو ہندوستان کے لئے ایک اہم عالمی پارٹنر قرار دیا۔ انہوں نے کہا دونوں جمہوریتوں اورابھرتی ہوئی معیشتوں کے طور پر ہندوستان اور برازیل کے پاس نہ صرف باہمی تعاون کے وسیع امکانات موجود تھے بلکہ بین الاقوامی میدان میں ایک دوسرے کومضبوط بنانے اور بڑے پیانے پرترقی پذیردنیا کے مفادات کوآگے بڑھانے کے لئے کام کریں گے۔انہوں نے کہا کہ برایزیل کے ساتھ گجرات ہندوستانی معیشت کا اہم محرک ہے۔

صدرروسیف نے اس بات پرزوردیتے ہوکہا کہ اس تعلق سے دوطرفہ تعاون اوران کی شراکت داری کی بین الاقوامی اہمیت کے لئے صلاحیت کے باعث برازیلی خارجہ پالیسی میں یہ خصوصی تعلق کا حامل ہے۔صدر نے عام انتخابات میں ان کی اہم کامیابی پرانہیں مبارکبادری اورہندوستان کی ترقی اورفروغ کے لئے انہیں نیک خواہشات پیش کیں۔ اٹھارویں اورانیسویں صدی میں ہندوستان سے گرگائیں برازیل لائی گئیں اورہندوستان سے کپڑااو رپھل لائے گئے تھے،اختلافات کے باجوددونوں مما لک نے دونوں کے مابین تاریخی اورثقافتی تعلقات کویادکیا۔

دونوں رہنماؤں نے متنوع تجارت ،سرمایہ کاری،زراعت،ڈیری سائنس ،روایتی اورقابل تجدید توانائی،خلائی تحقیق اوراپلی کیشن ،دفاع ،سائبرسکیورٹی اورماحول کے تحفظ میں تعاون کووسعت دینے

INS INDIA

(A Reputed News Agency)

Lubna House
I-91,Batla House
Jamia Nagar,Okhla
New Delhi-110025
Phone:-011-26985780
Fax:-011-26988233
Mobile:91-9268700314
E-mail:insindia@gmail.com
Website:www.insindia.co

کے اقدامات پر اتفاق کیا۔انہوں نے جی 20 سمیت بین الاقوامی فورمز اور کثیر فریقی اداروں میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا۔جی 4 ممالک کی حیثیت سے وزیر اعظم مودی اور صدر روسیف نے 2015 میں اقوام متحدہ میں 70 ویں سالگرہ کے موقع پر سلامتی کونسل سمیت اقوام متحدہ کی اصلاحات پر فوری پیش رفت کا مطالبہ کیا۔وزیر اعظم نریندر مودی نے جلد ہی برازیل کا مکمل دورہ کرنے کی توقع ظاہر کی اور صدر روسیف کو ہندوستان آنے کی دعوت دی۔

ملاقات کے بعد،دونوں اطراف نے تین معاہدوں پر دستخط کئے:

☆ ماحولیات کے میدان میں تعاون پر معاہدہ

☆ ہندوستانی ریموٹ سینسنگ (IRS) سیٹلائٹ سے ڈیٹا حاصل کرنے اور پروسیسنگ کے لئے ایک برازیلین ارتھ اسٹیشن کی توسیع وانتظام کے تعاون پر عمل درآمد

☆ نقل و حرکت اور کونسلر امور پر مشاورت کے طریقہ کار کے قیام میں تعاون پر معاہدہ

برازیلیہ،

16 جولائی، 2014